معارف القرآن | مؤلفین: پروفیسر شیخ سعید اختر و پروفیسر رانا احسان الرحمن۔

ناشر: مکتبۂ کاروان کچہری روڈ، لاہور۔ ضخامت: ۳۹۲ صفحات۔ قیمت درج نہیں۔

زیرِ تبصرہ تالیف معارف القرآن، علم سے ذوق اور آگہی کا اشتیاق رکھنے والے طلباء کے لیے سامانِ بصیرت ہے۔

پروفیسر موصوف غالباً بیس بائیس سال سے شعبۂ تعلیم سے منسلک ہیں۔ اپنی اس وابستگی کو انہوں نے تفہیم قرآن و حدیث کے لیے نہایت عمدہ اور عام فہم اسلوب اختیار کیا ہے۔ قرآن حمید کے صحیح شعور کے ساتھ اعتدال و توازن کی راہ بھی دکھا دی ہے۔

امید ہے کہ موصوف کی یہ تالیف مقبولِ خاص و عام ہوگی اور طلباء کے لیے دلیلِ راہ بھی بنے گی۔

اپنی جملہ خصوصیتوں اور امتیازات کے باوجود کتاب میں کتابت کی بہت غلطیاں موجود ہیں۔ مثلاً ص ۲۰۳، ص ۲۱۰، ص ۲۱۶، ص ۲۲۳، ص ۲۳۹، ص ۲۵۰، ص ۲۶۳ اور ص ۲۷۱ پر الفاظ یا اعراب کی صریح غلطیاں ہیں۔

کتاب کی افادیت امتحانی لحاظ سے بھی اور فہم کے لحاظ سے بھی اپنی جگہ برقرار ہے۔ آئندہ اغلاط کو درست کر دیا جائے۔ (ع۔ د)

جدید فقہی مسائل (حصہ اول) | مؤلف: مولانا سیف اللہ رحمانی (حیدر آباد دکن)

صفحات: ۳۱۶۔ ناشر اور ملنے کا پتہ۔ حزا پبلی کیشنز، اردو بازار، لاہور۔

قیمت: ۴۸/ روپے۔

زیرِ نظر کتاب دورِ جدید کے تقریباً ڈھائی سو فقہی مسائل پر مشتمل ہے، جسے مؤلف نے مختلف فتاویٰ اور ماخذ و مراجع کی مدد سے مرتب کیا ہے۔ اور اس میں بالعموم متفقہ شرعی ہیں۔ تجدد کا شائبہ نہیں ہے۔ مؤلف نے بعض مقامات پر اپنی رائے کا اضافہ بھی کیا ہے۔ جو ان کے تفقہ فی الدین پر دلالت کرتا ہے۔ آج نت نئے مسائل فقہیہ کے حل کے لیے علماء دین کا کوئی ایک مرکزی ادارہ یا بورڈ موجود نہیں ہے۔ تاہم اس دورِ زوال